بہترین فلمی تحفہ

बचपन

بچپن

اداکاران

بنبکا ابرائی سلیم ہیلین

انور حسین

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(مشہود لیتھو پریس پٹودی ہاؤس دریا گنج دہلی)

بچپن فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

اچھا گانا بھی ایک جادو ہے
جو بھی سن لے مدہوش ہو جائے
یاروں کی محفل میں جیا لہرائے
جیا لہرائے مورے بجلی نکل جائے
یاروں کی محفل میں —
میرے گانوں پہ ناچے آسماں بھی
تاروں کا جہاں بھی —
میرے سرگم پہ جھومے آشیاں بھی
بہاروں کا سماں بھی
میری آواز پہ دنیا فدا ہے
ترانہ پیار کا سب سے جدا ہے
یاروں کی محفل میں
اگر میں چھیڑ دوں بھیروی سہانی
او چھیّا برسے پانی
کہ ناچے بجلیوں کی نوجوانی
گھٹا بھی ہو دیوانی
جہاں میں دل کی یہ مرلی بجاؤں

وہاں میں ساری دُنیا کو بلاؤں

یاروں کی محفل میں ——

جیا لہرائے یاروں کی محفل میں جیا لہرائے

گانا نمبر ۲ - چھن چھن چھنکے گھنگرو پیار میرا

تن من ناچے جو مکھ دیکھوں تیرا

سُن سُن سنجنا یہ پیار بھری رچنا

سُونا سُونا لاگے یہ دُنیا کا آنگنا

کل نہیں پاؤں میں گھڑی گھڑی جاؤں

گلیوں کا تیری لگاؤں پھیرا

چھن چھن چھنکے ——

پلکیں اُٹھاؤں میں پلکیں گراؤں

نظریں ملیں تو میں کھوئی کھوئی جاؤں

رہا بھی نہ جائے کچھ کہا بھی نہ جائے

اتنے میں آ جائے بیری سویرا

چھن چھن چھنکے ——

گانا نمبر ۳ - مجھے تم سے محبت ہے

مگر میں کہہ نہیں سکتا

مگر میں کیا کروں بولے بنا بھی رہ نہیں سکتا

مجھے تم سے ——

میرے خوابوں کی شہزادی

جہاں تم مسکراتی ہو

بہاریں کیا خزاؤں میں ہزاروں گل کھلاتی ہیں
تمہیں جس نے بھی دیکھا ہے
جدائی سہہ نہیں سکتا
تمہیں تم سے

خیال سانسوں کی سرگم میں تمہارا نام لیتا ہوں
زباں پہ نام آتا ہے تو دل کو تھام لیتا ہوں
رہے گا آنکھ میں آنسو
مگر یہ بہہ نہیں سکتا
تمہیں تم سے

زمانہ لاکھ بادل بن کے چھا جائے نگاہوں پر
محبت کا اجالا پھیلتا جائے گا راہوں پر
محبت چاند الیسا ہے
کبھی جو گہہ نہیں سکتا
تمہیں تم سے

گانا نمبر ۴ لڑکی :- تیرے ہم او صنم تو جہاں ہیں وہاں
لڑکا :- سورج تو ذرہ ہیں دیکھاں ہیں کہاں
لڑکی :- تیرے ہم او صنم
کیا خبر ہے تجھے دل تیرا ہو گیا
پیار کی راہ میں دل میرا کھو گیا
لڑکا :- کیا خبر تھی مجھے
ایسا دن بھی آئے گا

محل کا چاند بھی میرا بن جائے گا

لڑکی:۔ پیار میں فرق کیا
تو جہاں دل وہاں

لڑکا:۔ سورج تو ذرہ ہیں تو کہاں میں کہاں

لڑکی:۔ تیرے ہم اے صنم ــــ

لڑکا:۔ آپ کی بات کا کیسے آئے یقین
کیسے نظریں اٹھے اتنی ہمت نہیں

لڑکی:۔ پیار میں ایک ہے
کیا زمیں کیا گگن
کون کیا ہے یہاں میں نہ جانوں سجن

لڑکا:۔ کیا کہے گا جہاں سوچ لے مہربان

لڑکی:۔ تیرے ہم اے صنم ــــ

لڑکا:۔ سورج تو ذرہ ــــ

لڑکی تیرے ہم اے صنم ــــ

گانا نمبر۵
اب میں جاؤں کہاں کہاں جاؤں
بھری ہے دنیا میں تو اکیلا
اب میں کہاں جاؤں
کوئی نہ میرا چھایا اندھیرا
ستارے سہارے ٹوٹ گئے ہیں
چھوٹے سے دل سے بھول ہوئی کیا
جو بے خبر ہیں روٹھ گئے ہیں

اب میں جاؤں کہاں —

میرے نینا تو رستے نہ تھے وہ
جانے کسی نے کیا کر دیا ہے
کون ملا ہے ہم سے بھی پیارا
جس نے ہم سے چھین لیا ہے
اب میں جاؤں کہاں

گانا نمبر ۱۱:- میرے نیناں مد کے پیالے
کوئی آج دل سنبھالے
میں جہاں سے گزری وہیں ہو گئے اجالے
میرے نیناں ——

جو نظریں ملائے مجھ سے دیتی ہوش کھوئے
جسے دیکھ لوں میں ہنس کے
وہ خوشی سے میرا ہوئے
اسے بڑھ کے باندھ لیں پھر میرے گیسو کالے
میرے نیناں ——

مجھے دل کو روشنی دے
میرے تن کے اجلے سائے
کہ ہوئی شمع روشن تو پتنگے گھر کے آئے
کہ امر رہیں گے مر کر مجھے پیار کرنے والے
میرے نیناں —

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس ۔/1/6/	خونی پنجہ کا سایہ ۔/-/4/
" " حصہ دوئم ۔/1/6/	خونی پنجہ کی بیٹی ۔/-/4/
تین نقاب پوش ۔/-/1/	ڈاکٹر خونی پنجہ ۔/-/3/
نقلی کے عیاش ۔/-/1/	ڈاکٹر خونی پنجہ کا انتقام ۔/-/3/
خونی نشان ۔/-/1/	سمندری ڈاکو ۔/-/1/
ڈاکو شمشاد ۔/-/1/	باپ کا قاتل ۔/-/1/
خونی شہزادہ ۔/-/1/	خونی کھوپڑی ۔/-/1/
بہادر نازرن ۔/1/8/	تین ڈاکو ۔/-/1/
چینی فرشتہ ۔/1/6/	دو لاشیں ۔/12/-
جادوگر جاسوس ۔/1/6/	خونی سمندر ۔/12/-
جادوگر حسینہ ۔/1/6/	سراغرساں ۔/12/-
موت کا مینار ۔/1/6/	گردشِ دوراں ۔/3/8/
خونی چراغ ۔/1/8/	چلتا مردہ ۔/1/8/

سنہرے نقاب بیں نازرن ۔/1/8/

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور ٹیکنیک

دستکاری اور

مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ -/-/4	کپڑے رنگنے کا ہنر -/-/2
نیو کٹنگ گائڈ -/-/4	مکمل فوٹو گرافی -/8/2
موٹر گائڈ -/-/4	دندان سازی -/-/2
کیمرہ ڈائبل -/-/5	خوبصورت بنیں -/8/1
نیل عطر سازی -/-/2	شیشہ سازی -/-/2
گھڑی سازی -/8/2	اچار مربے چٹنی -/8/1
ریڈیو گائڈ -/-/4	باورچی خانہ -/8/2
صابن سازی -/8/1	تحفۂ فالنامہ -/-/1
دستکار ماڈرن -/-/4	ٹریکٹر گائڈ -/-/4
الیکٹرک وائرنگ -/-/4	جنتری ہمیش جوب -/4/1
خراد شناسی -/-/3	کپڑے دھونے کا ہنر -/-/2
آئل انجن گائڈ -/-/5	سنکا مکا باغبانی -/-/4
تمباکو کی دکان -/-/2	بیکری بسکٹ بنانا -/-/2
بوٹ پالش بنانا -/8/2	آسان انگلش ٹیچر -/-/2
سینما مشین آپریٹر -/-/4	دھوپ اگربتی بنانا -/8/1